بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم

Wifaq-ul-Madaris-il-Arabia, Pakistan.

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

فون نمبر: 061-6514525 - 26 - 27
فیکس نمبر: 061- 6539485

مرکزی دفتر: گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ ملتان

حوالہ نمبر: AM-4373-1435

تاریخ: 24-02-2014

گرامی قدر حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب مدظلہ العالی
ناظم اعلیٰ :وفاق المدارس العربیہ پاکستان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !

امید ہے مزاج گرامی بخیریت ہوں گے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی ابتدائی رجسٹریشن کا حوالہ اور ,,وفاق،، کی اسناد کو تسلیم کرنے کے بارے میں سرکاری سطح پر جاری کئے گئے نوٹیفکیشن کے حوالے اوران کی نقول ارسال خدمت ہیں۔

رجسٹریشن وفاق:

(۱) ,,وفاق المدارس،، کی سرکاری رجسٹریشن 1960ء میں ہوئی۔سرکاری رجسٹریشن نمبر 44/MR-1960-61 ہے۔

شہادۃ العالمیہ:

(۲) یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے 17 نومبر 1982ء کو ,,وفاق المدارس،، کی فائنل ڈگری ,,شہادۃ العالمیہ،، کو حوالہ نمبر 8-4/Acad/128 کے تحت ایم اے عربی ،ایم اے اسلامیات کے مساوی تسلیم کیا۔

(۳) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 2002ء میں ,,شہادۃ العالمیہ،، کو ایم اے عربی ، ایم اے اسلامیات کے مساوی تسلیم کرتے ہوئے ,,شہادۃ العالمیہ،، کی بنیاد پر ,,وفاق،، کے فضلا کو الیکشن میں حصہ لینے کی اجازت دی۔

(۴) یونیورسٹی گرانٹس کا نام بعد میں تبدیل ہو کر ہائر ایجوکیشن کمیشن ہو گیا۔ ہائر ایجوکیشن کمیشن نے 12 مئی 2004ء کو حوالہ نمبر 8-16/HEC/A&A/2004 کے تحت ,,شہادۃ العالمیہ،، کو مساوی ایم اے عربی ،ایم اسلامیات تسلیم کرنے کا مراسلہ دوبارہ جاری کیا۔

(۵) حکومت پنجاب کی طرف 3 جولائی 2009ء کو عربی ٹیچنگ کے سلسلے میں ,,شہادۃ العالمیہ،، کو تسلیم کرنے کا مراسلہ جاری کیا گیا۔

تحتانی اسناد:

(۶) کراچی یونیورسٹی نے 4 جنوری 2013ء کو حوالہ نمبر R-V1-20/A2013 کے تحت ,,شہادۃ العالیہ،، کو بی اے کے مساوی تسلیم کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا۔

(۷) یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے 14 مارچ 1984ء کو حوالہ نمبر 8-418/Acad/84/726 کے تحت عامہ کی سند کو میٹرک اور خاصہ کی سند کو ایف اے اور عالیہ کو بی اے کے مساوی تسلیم کیا لیکن بعد میں اس کو کینسل کر دیا۔

(۸) انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین (IBCC) نے 6 اکتوبر 2007ء کو عامہ کی بنیاد پر میٹرک اور خاصہ کی بنیاد پر ایف اے کے لازمی مضامین کا امتحان دینے کی اجازت دی۔

والسلام

عبدالمجید
ناظم مرکزی دفتر
وفاق المدارس العربیہ پاکستان